سوال

(223) ذوالحجہ کے دنوں میں ثواب سات سوگنا بڑھ جاتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ذوالحجہ کے دنوں میں ثواب سات سوگنا بڑھ جاتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عن سعید بن جبیر عن ابن عباس رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من أیام أفضل عند اللہ ولا العمل فیھن أحب إلی اللہ عزوجل من ہذہ الأیام یعنی من العشر فاکثروا فیھن من التھلیل والتکبیر وذکر اللہ وإن صیام یوم منھا یعدل بصیام سنۃ والعمل فیھن یضاعف بسبعمائۃ ضعف ۔ (ترغیب : ص ۱۹۹ ج ۲)

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ذوالحجہ کے ابتدائی دس دن اللہ تعالیٰ کی جناب میں سب دنوں سے افضل دن ہیں اور ان دنوں میں نیک عمل اللہ تعالیٰ کو باقی سب دنوں سے زیادہ پسند ہے، اس لئے تم ان دنوں میں کثرت سے لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر کا وظیفہ کیا کرو۔ اور ذکر الٰہی سے زبان تر رکھو۔ ان دنوں کا ایک روزہ ایک سال کے روزوں کے برابر ہے ان دنوں کی ایک نیکی کا ثواب سات سو نیکیوں کے برابر ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص584

محدث فتویٰ